Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان ائیر فورس ٹریننگ ائیر بیس میانوالی پر دہشتگرد حملے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کا ملک میں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات پر اظہارِ تشویش

محض دو روز کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات ریاست کے لیے انتہائی تشویش کا باعث ہیں،

سکیورٹی فورسز کے جوان اپنی جان پر کھیل کر بروقت کارروائی کے زریعے حملہ ناکام بنانے پر زبردست تحسین کے مستحق ہیں۔

الیکشن سے قبل ملک میں دہشت گردی کی نئی لہر کا سر اٹھانا مختلف شبہات کو جنم دیتا ہے،

دہشت گردی کے واقعات پر قابو پانے اور مزید سنگین نتائج سے بچنے کیلئے ایک موٴثر قومی حکمت عملی کی ضرورت ہے،

عام انتخابات کے بروقت انعقاد کے نتیجے میں آنے والی عوام کی نمائندہ حکومت ہی پالیسی فیصلے لینے کا اختیار و مینڈیٹ رکھتی ہے،

تحریک انصاف وطن کی راہ میں جرات و بہادری سے لڑتے اور جانیں قربان کرنے والے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ